19-08-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاستی وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے مرکزی حکومت سے اپیل کی ہے کہ کسانوں کو منظورہ ضرورت کے مطابق فوری طور پر یوریا کھاد فراہم کی جائے۔

۲۔ تلنگانہ کے ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی ہے کہ دارالحکومت سے تمام اضلاع اور منڈل ہیڈکوارٹرس تک سڑک رابطہ کو بہتر بنایا جائے۔

۳۔ کانگریس کے صدر ملکارجن کھرگے نے آج اعلان کیا ہے کہ سابق سپریم کورٹ جج بی سدرشن ریڈی کو انڈیا اتحاد کی جانب سے نائب صدر کے انتخاب کے لئے امیدوار نامزد کیا گیا ہے۔

۴۔ تلنگانہ کے وزیر اطلاعات وتعلقات عامہ پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست میں فوٹو جرنلسٹوں میں پیشہ ورانہ مہارت بڑھانے کے لئے اقدامات کئے جائیں گے۔

PHOTOGRAPHY:

تلنگانہ کے وزیر اطلاعات وتعلقات عامہ پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست میں فوٹو جرنلسٹوں میں پیشہ ورانہ مہارت بڑھانے کے لئے اقدامات کئے جائیں گے۔ وہ آج حیدرآباد میں محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ کی جانب سے منعقدہ ورلڈ فوٹوگرافی ڈے کی تقریب سے مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے خطاب کررہے تھے۔ وزیر موصوف نے اس موقع پر فوٹوگرافی مقابلوں کے فاتحین کو انعامات اور نقد رقوم سے نوازا۔ اپنے خطاب میں پنگولیٹی نے کہا کہ صرف فوٹوگرافرس ہی وقت کو قید کرکے یادگار لمحات محفوظ کرنے کی انوکھی صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے سابق وزیراعظم راجیو گاندھی کے قتل کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ قاتلوں کی شناخت جائے واردات پر کھینچی گئی تصاویر کے ذریعہ ہی ممکن ہوسکی تھی۔ اس سال پانچ زمروں میں منعقدہ مقابلوں میں 94 شرکاء نے مجموعی طور پر 744 تصاویر جمع کرائیں۔ ان زمروں میں ریتّو بھروسہ، اندراماں اِلو، چیوتھا، راجیو یوواو کاسم اور جنرل شامل تھے۔ ماہرین کے ایک پینل نے تمام زمروں میں آٹھ آٹھ انعامات کے لئے فاتحین کا انتخاب کیا۔ کامیاب فوٹوگرافرس کو نقد انعامات، شالیں اور یادگاری مومنٹو پیش کئے گئے۔

SOUND BYTE

BHATTI:

تلنگانہ کے ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی ہے کہ دارالحکومت سے تمام اضلاع اور منڈل ہیڈکوارٹرس تک سڑک رابطہ کو بہتر بنایا جائے۔ان کا کہنا تھا کہ اس اقدام سے نہ صرف عوامی آمدورفت میں سہولت ہوگی بلکہ دیہی علاقوں میں صنعتوں کی آمد کو بھی فروغ ملے گا، جس سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ یہ ہدایات آج ریاستی سکریٹریٹ میں منعقدہ انفراسٹرکچر و کیپٹل ورکس پر وزارتی کمیٹی کے اجلاس میں دی گئیں، جس کی صدارت خود ملو بھٹی وکرامارکہ نے کی۔ اجلاس میں وزراء کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی، اوتم کمار ریڈی، ڈی سریدھر بابو، اور سیتااکا کے علاوہ چیف سیکریٹری رام کرشنا راؤ نے بھی شرکت کی۔اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ دیہی علاقوں میں بنیادی ڈھانچہ کی بہتری ریاست کے دارالحکومت اوراضلاع کے درمیان اقتصادی توازن قائم کرسکتی ہےاورساتھ ہی جز وقتی زراعت کے ساتھ ساتھ صنعتی ترقی کو بھی ممکن بنایا جاسکتا ہے۔کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے زور دیا کہ ہائیبر ڈ انیوٹی ماڈل کے تحت جاری منصوبوں کو تیز رفتاری سے مکمل کیا جائے تا کہ آئندہ تین برسوں میں محفوظ سڑکیں دستیاب ہوں۔

INDI-VP CANDIDATE:

کانگریس کے صدر ملکارجن کھرگے نے آج اعلان کیا ہے کہ سابق سپریم کورٹ جج بی سدرشن ریڈی کو انڈیا اتحاد کی جانب سے نائب صدر کے انتخاب کے لئے امیدوار نامزد کیا گیا ہے۔نئی دہلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کھرگے نے کہا کہ تمام اپوزیشن جماعتوں نے متفقہ طور پر اس بات پر زور دیا کہ یہ ایک نظریاتی جنگ ہےاوراسی لئے وہ اس میں حصہ لے رہے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ ریڈی 21 تاریخ کو اپنا کاغذاتِ نامزدگی داخل کریں گے۔

Sound Byte.

WEATHER:

محکمہ موسمیات نے آج کمرم بھیم آصف آباد ضلع کے لئے ریڈ الرٹ جاری کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران بعض مقامات پر انتہائی شدید بارش کا امکان ہے۔ یومیہ موسمی رپورٹ میں محکمہ نے کہا کہ عادل آباد اور منچریال اضلاع کے بعض علاقوں میں بھی شدید سے بہت شدید بارش متوقع ہے۔اس کے علاوہ، نرمل، جگتیال، پدا پلی، جیاشنکر بھوپال پلی، ملگ اور کاماریڈی اضلاع کے چند مقامات پر شدید بارش ہوسکتی ہے۔محکمہ نے مزید کہا کہ آئندہ روز بھوپال پلی، ملگ، بھدرا چلم کوتہ گوڑم اور محبوب آباد اضلاع میں بھی اسی قسم کے موسمی حالات رہنے کا امکان ہے۔گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملگ اور کمرم بھیم اضلاع میں بعض مقامات پر شدید سے بہت شدید بارش ریکارڈ کی گئی، جب کہ عادل آباد، کاماریڈی اور منچریال میں بعض مقامات پر شدید بارش ہوئی۔

PONNAM:

ریاستی وزیر برائے بی سی ویلفیئر پونم پربھاکر نے آج کہا کہ حیدرآباد میں 11 روزہ گنیش تہوار کے پُرامن اور منظّم انعقاد کے لئے وسیع انتظامات کئے جارہے ہیں۔تہوار کی تیاریوں کا جائزہ لیتے ہوئے،حیدرآباد انچارج وزیر پربھاکر نے مختلف محکموں خصوصاً پولیس، بلدیہ، برقی اور سڑک وعمارات کے حکام سے کہا کہ تمام تر انتظامات کے لئے باہمی ہم آہنگی کو یقینی بنایا جائے۔وزیر موصوف نے کہا کہ ریاستی حکومت کی جانب سے گنیش تہوار کے لئے تمام تر انتظامات کئے جائیں گے کیونکہ یہ ریاستی دارالحکومت میں سب سے بڑی مذہبی تقریب ہے۔

PONNAM:

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ ٹی-فائبر منصوبے کی موجودہ صورتحال اور کاموں کی جلد تکمیل کے لیے عملی منصوبہ بندی پر مشتمل جامع رپورٹ فوری طور پر پیش کی جائے۔گزشتہ شب انہوں نے اپنے رہائش گاہ جوبلی ہلز پر ٹی-فائبر منصوبہ جات کا جائزہ اجلاس منعقد کیا۔وزیراعلیٰ نے ان کمپنیوں کو نوٹس جاری کرنے کی ہدایت دی جو ٹی-فائبر کے تحت کام انجام دے رہی ہیں،اور منصوبے کی پیشرفت پر رپورٹ طلب کی۔انہوں نے یہ بھی ہدایت دی کہ کمپنی کی کارکردگی اور ٹی-فائبر میں کام کرنے والے ملازمین کی تعداد کا بھی جائزہ لیا جائے۔

OFFICER TRAINEES:

انڈین فارن سروس (آئی ایف ایس) کے تربیت حاصل کرنے والے افسران نے آج صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے راشٹرپتی بھون میں ملاقات کی۔افسران سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ ملک کی سفارتی کوششوں کو اندرونی ضروریات سے ہم آہنگ ہونا چاہیےاور 2047 تک وِکست بھارت کے ہدف کے ساتھ جڑا ہونا چاہیے۔ صدر جمہوریہ نے ان افسران کو انڈین فارن سروس میں شمولیت پر مبارکباد دیتے ہوئے زور دیا کہ وہ ملک کے امن، عدم تشدد کی اقدار کو اپنے ساتھ لے کر چلیں۔

TGHRC

تلنگانہ ہیومن رائٹس کمیشن کی صدارت ڈاکٹر جسٹس شمیم اختر کررہی ہیں۔کمیشن نے راماناتھ پور میں کرشنا جنم اشٹمی شوبھایاترا کے دوران ہوئے کرنٹ لگنے کے واقعہ کا ازخود نوٹ لیا ہے،جس میں چھ افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے تھے۔کمیشن نے متعلقہ حکام خصوصاً TGSPDCL کے چیرمین و منیجنگ ڈائرکٹر کو ہدایت کی ہے کہ وہ 22 ستمبر تک ایک جامع رپورٹ پیش کرے۔

CM-UREA:

ریاستی وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے مرکزی حکومت سے اپیل کی ہے کہ کسانوں کو منظورہ ضرورت کے مطابق فوری طور پر یوریا کھادفراہم کی جائے۔آج جاری کردہ ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ تلنگانہ کے ارکان پارلیمنٹ پہلے ہی مرکزی وزراء کے ساتھ اس مسئلہ کو اٹھا چکے ہیں اور ریاست کو منظورشدہ کوٹہ کے باوجود یوریا کی ناکافی فراہمی سے پیدا ہونے والے مسائل کو اجاگر کیا ہے۔وزیراعلیٰ نے بتایا کہ موجودہ خریف سیزن کیلئے 8.30 لاکھ میٹرک ٹن یوریا الاٹ کیا گیا تھا، تاہم اب تک صرف 5.32 لاکھ میٹرک ٹن ہی فراہم کیا گیا، جس کے نتیجے میں تقریباً 3 لاکھ میٹرک ٹن کی کمی واقع ہوئی ہے اور کسان شدید مشکلات کا شکار ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ریاستی وزیرزراعت تملا ناگیشورراوٴ بھی اس معاملے پر متعدد بار مرکزی حکومت کو خطوط لکھ چکے ہیں۔ریونت ریڈی نے الزام عائد کیا کہ مرکز کی جانب سے ریاست کے ساتھ امتیازی سلوک کیا جارہا ہے۔

BRS:

بھارتیہ راشٹرا سمیتی کے قائدین کے ایک وفد نے آج مرکزی مملکتی وزیر جتیندر سنگھ سے ملاقات کی اور محکمہ سول سپلائز کے کمشنر ڈی ایس چوہان اور ڈسٹرکٹ کلکٹر حیدرآباد ڈی ہری چندنا کے خلاف تحریری شکایت درج کروائی۔شکایت میں کہا گیا کہ ان دونوں افسران نے یکم اگست کو راشن کارڈز کی تقسیم کے دوران ایک پریس کانفرنس میں حکمران کانگریس حکومت کے حق میں سیاسی اور گمراہ کن بیانات دئے۔ان افسران نے دعویٰ کیا کہ پچھلی بی آر ایس حکومت کے دور میں راشن کارڈز جاری نہیں کئے گئے، جب کہ موجودہ حکومت میں فراہم کئے جارہے ہیں۔بی آر ایس قائدین نے کہا کہ یہ تبصرے آل انڈیا سروس کنڈکٹ رولز کی خلاف ورزی کے مترادف ہیں۔

ELECTROCUTED

رامنتا پور واقعہ کے ایک روز بعد حیدرآباد میں آج ایک اور افسوسناک حادثہ میں دو نوجوان ہلاک ہوگئے، جب گنیش کی مورتی کو لکشمی نگر سے پورانا پل منتقل کیا جارہا تھا کہ بنڈلہ گوڑہ میں یہ مورتی ہائی ٹینشن وائر سے ٹکرا گئی۔متوفیوں کی شناخت ٹونی (21 سالہ) اور وِکاس (22 سالہ) کے طور پر ہوئی ہے، جو موقع پر ہی دم توڑ گئے، جبکہ ان کا دوست اکشے (23 سالہ) زخمی ہوا اور اس وقت زیرعلاج ہے۔بجلی کے محکمہ کے عہدیداروں نے اس واقعہ میں کسی بھی غفلت سے انکار کیا ہے۔دریں اثنا، ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ بجلی کے کھمبوں سے منسلک کیبل وائرس کو فوری ہٹا دیا جائے۔انہوں نے برقی محکمہ کے افسران کے ساتھ اجلاس منعقد کرتے ہوئے ان واقعات پر تشویش کا اظہار کیا جن میں کرنٹ لگنے سے ہلاکتیں ہورہی ہیں۔ڈپٹی چیف منسٹر نے یہ بھی ہدایت دی کہ غیر قانونی برقی کنکشن کو فوری منقطع کیا جائے اور ریاست بھر میں انڈر گراوٴنڈ کیبل بچھانے کے کام میں تیزی لائی جائے۔انہوں نے غیر قانونی کنکشن کے خلاف سخت کارروائی کرنے کی بھی ہدایت دی۔

PM - SHUKLA:

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کو آئندہ خلائی مشن کی قیادت کیلئے 40 سے 50 خلا بازوں کے ایک مضبوط گروپ کی تشکیل کی ضرورت ہے۔ یہ بات انہوں نے گروپ کیپٹن شو بھانشو شکلا سے دہلی میں گزشتہ روز ملاقات کے دوران کی۔ مودی نے کہا کہ اب بھارت کے سامنے دو بڑے مشن ہیں: بھارتی خلائی اسٹیشن اور گگن یان اور شوکلا کا تجربہ ان دونوں منصوبوں میں اہم کردار ادا کرے گا۔

SOUND BYTE

اس موقع پر شکلا نے کہا کہ یہ کامیابی ملک کے لئے ایک بڑا اسنگِ میل ہے۔

SOUND BYTE

OO